نیویارک اسٹیٹ لونگ ڈونر سپورٹ پروگرام کے ساتھ استعمال کے لیے SendVault کوئیک اسٹارٹ گائیڈ

نیویارک اسٹیٹ ڈیپارٹمنٹ آف ہیلتھ (New York State Department of Health) کو لازماً فیڈرل انفارمیشن پروسیسنگ اسٹینڈرڈز (Federal Information Processing Standards) اور فیڈرل انفارمیشن سیکیورٹی مینجمنٹ ایکٹ (Management Act Federal Information Security) کے تصدیق شدہ سیکیورٹی طریقوں پر عمل کرنا چاہیے۔ مندرجہ بالا طریقہ استعمال کرتے ہوئے ایک بار جب ڈیٹا نیویارک اسٹیٹ ڈیپارٹمنٹ آف ہیلتھ کو منتقل ہو جاتا ہے، تو یہ فائر وال کے پیچھے ڈیپارٹمنٹ آف ہیلتھ کے فائل سرور پر محفوظ ہو جاتا ہے۔ ان سرورز کو سیلف انکرپٹنگ ڈرائیوز سے لیس کیا گیا ہے۔ یہ ڈرائیوز فیڈرل انفارمیشن سیکیورٹی مینجمنٹ ایکٹ پر پورا اترتی ہیں، اور فیڈرل انفارمیشن پروسیسنگ اسٹینڈرڈز 2-140 لیول 2 سے توثیق شدہ ہیں اور امریکی حکومت کے استعمال کے لیے تصدیق شدہ ہیں۔

SendVault، دیگر افراد کو بڑی اور انتہائی خفیہ فائلیں محفوظ اور مؤثر طریقے سے بھیجنے کے لیے نیویارک اسٹیٹ آفس آف انفارمیشن ٹیکنالوجی سروسز (New York State Office of Information Technology Services) کا تعاون یافتہ طریقہ ہے۔ یہ سافٹ ویئر پاس فریز کے ذریعے فائلوں کو انکرپٹ کرنے کی سہولت فراہم کرتا ہے۔

نیویارک اسٹیٹ ڈیپارٹمنٹ آف ہیلتھ کا لونگ ڈونر سپورٹ پروگرام ایک کسٹم SendVault لنک کے ذریعے درخواستیں، رقوم کی واپسی کے فارمز، اور تمام معاون رسیدیں اور دستاویزات موصول کرے گا۔ SendVault ہائپر لنک صارفین کو اس ایپلی کیشن کا استعمال کرتے ہوئے ڈیپارٹمنٹ آف ہیلتھ کو محفوظ طریقے سے فائلیں بھیجنے کے قابل بنائے گا۔ صارفین عطیہ اعضاء کے اپنے پورے عمل کے دوران رقوم کی واپسی کے دعوے جمع کرانے کے لیے اس ہائپر لنک کو متعدد بار استعمال کر سکتے ہیں۔

ایپلی کیشن لانچ کرنے کے لیے، نیچے دیے گئے ہائپر لنک پر کلک کریں یا اسے اپنے انٹرنیٹ براؤزر میں چسپاں کریں۔
.sendvault.ny.gov:443/nys/send/to/dropbox/living-donor

پاس فریز: LivingDonor!1234

یہ ہائپر لنک نیویارک اسٹیٹ ڈیپارٹمنٹ آف ہیلتھ کی ویب سائٹ health.ny.gov/livingdonor پر بھی دستیاب ہے۔

سب سے پہلے، آپ کو نیویارک اسٹیٹ سیکیور فائل ٹرانسفر، SendVault تک رسائی حاصل کرنے کے لیے اپنا ای میل ایڈریس درج کرنے کا کہا جائے گا:

1. آپ کو فراہم کردہ ای میل پر ایک ای میل لنک موصول ہوگا حس میں لونگ ڈونر ڈراپ باکس تک رسائی حاصل کرنے کا لنک شامل ہو گا۔
2. ایک بار حب آپ ای میل میں موحود ہائپر لنک پر کلک کریں گے، تو آپ SendVault کا استعمال کرتے ہوئے لونگ ڈونر سپورٹ پروگرام کو بھیجنے (اپ لوڈ کرنے) کے لیے فائلیں منسلک کر سکیں گے۔
3. ٹائٹل: فیلڈ میں اپنا موضوع/عنوان درج کریں؛ آپ کے پاس نوٹس فیلڈ میں اضافی معلومات شامل کرنے کا اختیار ہو گا۔
4. اپنی فائلیں **Browse for files (فائلیں تلاش کریں)** بٹن یا **Browse for folders (فولڈرز تلاش کریں)** بٹن کا انتخاب کر کے منسلک کریں، اور ان فائلوں تک حائیں حنھیں آپ شامل کرنا حاہتے ہیں۔
5. **Accept the Terms of Service (سروس کی شرائط تسلیم کریں)** کے آگے موحود حیک باکس پر کلک کریں۔
6. فائلیں حمع کرانے کے لیے **Send Package (پیکیج بھیحیں)** پر کلک کریں۔
7. اب آپ سے محفوظ فائل ٹرانسفر کے لیے پاس فریز درج کرنے اور اس کی تصدیق کرنے کا کہا حائے گا۔
8. پاس فریز **LivingDonor!1234** استعمال کریں۔
9. ایک بار حب آپ کو **Done (مکمل ہو گیا)** کا پیغام نظر آئے، تو اس کا مطلب ہے کہ آپ کا پیکیج ارسال کیا حا رہا ہے۔